# Balochistan, Central govts form joint framework to monetize low BTU gas for industrial growth

**Staff Report**

QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has emphasized that the provincial government is taking practical steps to strengthen economic self-reliance through effective monetization of resources.

An important meeting chaired jointly by CM Balochistan and Federal Minister for Petroleum Ali Pervez Malik reviewed the utilization and monetization of low BTU gas reserves in the province and their potential for industrial and economic development.

During the meeting, consensus was reached between the Government of Balochistan and the Ministry of Petroleum to make Low BTU gas commercially viable.

A joint working group comprising representatives from both sides has been formed to prepare a regulatory and institutional framework with comprehensive recommendations by the end of July 2026.

It was agreed that Low BTU gas available in Sui and other areas will be utilized for low-cost power generation, fertilizer production, and other commercial activities, thereby boosting industrial growth and economic activity in the province.

The Ministry of Petroleum assured full cooperation, including facilitation in OGRA field development and transport licensing.

Federal Minister Ali Pervez Malik offered Balochistan equity participation through a third-party company and reiterated that the federal government's priority is to ensure that the benefits of natural resources reach the local population. He also directed immediate activation of the Kulchas Drilling and Zinc Head projects to accelerate industrial and economic gains. The meeting further resolved that Corporate Social Responsibility (CSR) funds will be spent on welfare, social development, and public interest projects to ensure that resource benefits directly reach communities.

CM Sarfraz Bugti stated that making Low BTU gas usable will usher in a new era of industrial prosperity, job creation, and investment opportunities in Balochistan.

He stressed that the fruits of natural resources must first reach the local population, adding that both federal and provincial governments share this responsibility.

He reaffirmed that effective monetization of resources will strengthen Balochistan's economic independence and improve the living standards of local communities.

The Chief Minister expressed confidence that strong federal-provincial cooperation will accelerate industrial, economic, and social development in Balochistan.

He assured full support for collective development projects in the broader interest of Pakistan and the people of Balochistan.

The meeting was attended via video link by Federal Minister Ali Pervez Malik and his team, while CM Sarfraz Bugti was accompanied by Parliamentary Secretary for Energy Mir Asghar Rind, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Vice Chairman Balochistan Board of Investment and Trade Bilawal Khan Kakar, Secretary Energy Asfandyar Kakar, Principal Secretary Imran Zarkoon, and other senior officials.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 25 JUN 2026 Page No. 13


## بلوچستان کے صوبائی وزراء کی ایاز صادق سے ملاقات

### پارلیمانی وفد اور اسپیکر قومی اسمبلی کا صوبے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات، صوبے کی صورتحال اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو پاکستان مسلم لیگ (ن)......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹریز حاجی برکت رند، نوابزادہ زرین مگسی، اراکین قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، میاں خان بگٹی پر مشتمل پارلیمانی وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارٹی کی تنظیم کاری، حکومتی اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اراکین نے اسپیکر قومی اسمبلی کو مختلف امور کے حوالے سے آگاہ کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated: 25 JUN 2026

Page No. 17

## ڈیرہ مراد جمالی: شوہر کی فائرنگ سے بیوی، ساس اور سسر جاں بحق

**واقعہ تھانہ سٹی کی حدود میں گھریلو ناچاقی کے باعث پیش آیا، ملزم فرار، مقدمہ درج**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں شوہر کی فائرنگ سے بیوی، ساس اور سسر جاں بحق ہو گئے، پولیس کے مطابق تھانہ سٹی کی حدود میں اسرار احمد نے گھریلو ناچاقی کی بنا پر فائرنگ کر کے اپنی بیوی، ساس اور سسر کو ہلاک کر دیا ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

## قلات سے اغوا ہونیوالا گورنمنٹ کنٹریکٹر تین محافظوں سمیت بازیاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات سے اغوا ہونے والے رکن بلوچستان اسمبلی کے کزن اور گورنمنٹ کنٹریکٹر اپنے تین محافظوں کے ہمراہ گھر پہنچ گئے

ذرائع کے مطابق [illegible] اغوا ہونے والے گورنمنٹ کنٹریکٹر [illegible] رکن بلوچستان اسمبلی [illegible] کے کزن تھے ذرائع نے ان کی بازیابی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بحفاظت بازیابی اہل خاندان کے لیے بہت بڑی خوشی ہے۔

## جھل مگسی میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی کے علاقے تھانہ ل مگسی کی حدود گاؤں درمحمد مغازی میں فائرنگ کے واقعے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں گدا حسین اور علی حسن موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ پیر حسن شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے، تاہم مزید تحقیقات جاری ہیں اور تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

MASHRIQ QUETTA

## خاران و قلات میں فورسز کا آپریشن کالعدم تنظیم کے 4 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں گولہ بارود و اسلحہ برآمد کر لیا گیا، فورسز کی کارروائیاں انٹیلی جنس بیسڈ تھیں

**کستان میں اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کا غیر قانونی سامان قبضے میں لے لیا گیا**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سیکورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے دہشت گردی اور اسمگلنگ کے خلاف اہم کامیابیاں حاصل کر لی ہیں۔ خاران اور قلات میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے چار دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے جبکہ کستان ........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کے سرحدی علاقے میں اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کا غیر قانونی سامان قبضے میں لے لیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خاران کے علاقے نوروز کلات میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز اور کالعدم تنظیم بی ایل اے سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے تقریباً 200 کلوگرام بارودی مواد، سب مشین گن، بھاری مقدار میں گولہ بارود اور دیگر اسلحہ برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق برآمد ہونے والا دھماکہ خیز مواد تخریبی کارروائیوں میں استعمال کیا جا سکتا تھا، تاہم بروقت کارروائی کے باعث ایک بڑے ممکنہ خطرے کو ناکام بنا دیا گیا۔ اسی طرح ضلع قلات میں بھی خفیہ معلومات کی بنیاد پر ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، جہاں سیکیورٹی فورسز اور کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد مارے گئے جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری رکھا گیا تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جا سکے۔

## فائرنگ واقعات میں 3 خواتین سمیت 7 افراد ہلاک

**ڈیرہ مراد جمالی میں اسرار علی جمالی نے اہلیہ، ساس اور سسر کو قتل کر دیا**

**جھل مگسی میں فائرنگ سے دو افراد، استہ محمد میں نوشکی کا رہائشی جوڑا قتل**

نصیر آباد، جھل مگسی (نامہ نگاران، این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی، نوشکی اور جھل مگسی میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں تین خواتین سمیت 7 افراد ہلاک جبکہ ایک زخمی ہو گیا، تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں ایک شخص نے فائرنگ کر کے بیوی، ساس اور ........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سسر کو ہلاک کر دیا، پولیس کے مطابق اقبال ٹاؤن ڈیرہ مراد جمالی میں پیش آنے والے ایک دل دہلا دینے والے واقعے نے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا، مبینہ طور پر ملزم اسرار علی جمالی نے پستول سے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہی بی بی، ساس مدینہ بی بی اور سسر غلام حسین کو موت کے گھاٹ اتار دیا، واقعے کی اطلاع اہل محلہ نے پولیس کو دی جس پر ایس ایچ او سٹی اور پولیس ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پہنچ گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تینوں افراد کی لاشیں گھر کے اندر پڑی ہوئی تھیں مقتول ساس اور سسر کا تعلق ڈیرہ بگٹی سے بتایا جاتا ہے۔

## حب: سنگین جرائم میں ملوث 7 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) حب پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سنگین جرائم میں ملوث 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب پولیس نے جرائم پیشہ عناصر اور وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان فرید اللہ، حافظ جلال خان، اکرام اللہ، عبدالواسع، اشوک کمار، حبیب اللہ سمیت 2 مفرور ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا مزید کارروائی حب پولیس کر رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 25 JUN 2026

Page No. 18

## چمن، باب دوستی کی 8 ماہ سے بندش، قومی خزانے کو اربوں کا نقصان

**دوطرفہ تجارت، ٹرانزٹ ٹریڈ اور آمدورفت متاثر**

**22 کروڑ ڈالر کے معاشی نقصان کا تخمینہ، ہزاروں مال بردار گاڑیاں اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ کاروبار غیر فعال، زرعی شعبہ زیادہ متاثر ہوا، تاجر حلقے**

چمن (رپورٹ: نورزمان اچکزئی) پاک افغان بارڈر باب دوستی پر گزشتہ آٹھ ماہ سے جاری تعطل کے باعث پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت، ٹرانزٹ ٹریڈ اور آمدورفت شدید متاثر ہوئی ہے، جس سے دونوں ممالک کو بھاری معاشی نقصان کا سامنا ہے۔ چمن چیمبر آف کامرس کے رہنماؤں کے مطابق سرحدی بندش کے نتیجے میں ہزاروں مال بردار گاڑیاں اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ کاروبار غیر فعال ہوتے جبکہ قومی خزانہ اربوں روپے کے محصولات سے محروم رہا۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ پاکستان کو وسط ایشیائی ٹرانزٹ تجارت سے حاصل ہونے والے زرمبادلہ میں نمایاں کمی آئی ہے اور اب تک تقریباً 22 کروڑ ڈالر کے معاشی نقصان کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے۔ افغانستان کو پاکستانی برآمدات کا حصہ بھی نمایاں حد تک کم ہو گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سرحدی بندش سے زرعی شعبہ سب سے زیادہ متاثر ہوا، جہاں دونوں ممالک کے کسان اپنی پیداوار روایتی منڈیوں تک نہ پہنچا سکے، جس کے باعث لاکھوں کی پھل اور سبزیاں کم قیمت پر فروخت یا ضائع ہو گئیں۔

MASHRIQ QUETTA

## کسانوں کیلئے محض 4 ارب روپے مختص کرنا غیر دانشمندی ہے، کسان اتحاد

**وفاقی حکومت کی جانب سے ملک بھر کے کسانوں کیلئے 4 ارب روپے مختص کرنا اونٹ کے منہ میں زیرہ دینے کے مترادف ہے**

**70 فیصد زراعت سے ملک کی ضروریات پوری ہو رہی ہے لیکن اس شعبے کو حکومتوں کی جانب سے نظرانداز کرنا سمجھ سے بالاتر ہے**

**اگر زمینداروں کے مسائل کے حل پر توجہ نہیں دی گئی تو 10 محرم کے بعد ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے، خالد حسین باٹھ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ میں ملک بھر کے کسانوں کے لئے 4 ارب روپے مختص کرنے کو اونٹ کے منہ میں زیرہ دینے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 70 فیصد زراعت سے ملک کی ضروریات پوری ہو رہی ہے لیکن اس شعبے کو نظرانداز کرنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے سمجھ سے بالاتر ہے اگر زمینداروں ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کے مسائل کے حل پر توجہ نہیں دی گئی تو 10 محرم کے بعد ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے امریکہ اور ایران کی جنگ بند کرانے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کے کردار کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لئے کیمپ مارچ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ میں اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کہی خالد حسین باٹھ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ سے قبل بزنس کمیونٹی سمیت دیگر شعبوں کے نمائندوں سے ملاقاتیں کی گئیں مگر ملک کی 70 فیصد ضروریات کو پورا کرنے والے کسانوں کو نظرانداز کیا گیا

## خیزی چوک اسمنگلی روڈ پر تجاوزات سے ٹریفک جام روز کا معمول بن گیا

**دکانداروں اور سبزی فروشوں کی جانب سے سڑک پر سامان رکھنے سے آمدورفت شدید متاثر ہو رہی ہے**

**آئی جی پولیس قائم تجاوزات کے خاتمے اور عوامی شکایات کی شفاف تحقیقات کرائیں، شہریوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے علاقے خیزی چوک اسمنگلی روڈ پر تجاوزات اور روزانہ کی بنیاد پر پیدا ہونے والے شدید ٹریفک جام کے خلاف شہریوں نے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق بعض دکانداروں اور سبزی فروشوں کی جانب سے سڑک پر قبضے اور سامان رکھنے کے باعث آمدورفت شدید متاثر ہو رہی ہے جبکہ اس صورتحال کے خلاف شکایات کے باوجود مؤثر کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب تجاوزات کے خاتمے کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جاتا ہے تو بعض عناصر نہ صرف اشتعال انگیز رویہ اختیار کرتے ہیں بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بارے میں ایسے دعوے بھی کرتے ہیں جو عوامی اعتماد کو مجروح کرتے ہیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ پولیس کو بارہا شکایات کے باوجود زمینی حقائق میں تبدیلی نہ آنا اس تاثر کو تقویت دیتا ہے کہ متعلقہ مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا۔ عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ خیزی چوک اسمنگلی روڈ پر قائم تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی کی بحالی، خروٹ آباد پولیس کی کارکردگی کے جائزے اور عوامی شکایات کی شفاف تحقیقات کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں تاکہ قانون کی بالادستی قائم ہو اور شہریوں کا اعتماد بحال ہو سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## رکھنی میں سرکاری زمینوں پر مبینہ قبضہ، شہریوں کا اظہار تشویش

**کارروائی نہ ہونے پر قبضہ مافیا سرگرم، کمشنر سے فوری کارروائی کرنے کا مطالبہ**

رکھنی (نمائندہ انتخاب) کوہ سلیمان ڈویژن ہیڈ کوارٹر رکھنی میں سرکاری زمینوں پر مبینہ قبضوں کا سلسلہ جاری ہے، جس پر شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ زراعت کی تقریباً 11 ایکڑ سے زائد سرکاری اراضی پر بھی قبضہ کیا جا چکا ہے جبکہ شہر کے مختلف مقامات پر دیگر سرکاری زمینوں پر بھی غیر قانونی تعمیرات اور قبضوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے متعدد بار قبضے ختم کروائے گئے، تاہم مبینہ طور پر کسی بھی ذمہ دار کے خلاف مقدمہ درج نہ ہونے کے باعث قبضہ مافیا دوبارہ سرگرم ہو جاتی ہے۔ شہریوں کے مطابق کارروائی کے چند دن بعد ہی وہی افراد دوبارہ اسی جگہ پر قبضہ جما لیتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر ڈویژن ہیڈ کوارٹر جیسے اہم شہر میں سرکاری اراضی محفوظ نہیں تو عام شہریوں کی زمینیں بھی محفوظ نہیں رہیں گی۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ قبضہ مافیا کے خلاف فوری مقدمات درج کیے جائیں، غیر قانونی قبضے ختم کروائے جائیں اور سرکاری زمینوں کے تحفظ کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔

## رکھنی، پابندی کے باوجود تعمیراتی کام جاری، حکام نوٹس لیں، عوامی حلقے

**کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن کی جانب سے ترقیاتی کاموں پر چھ ماہ کی پابندی عائد کی گئی ہے**

رکھنی (نمائندہ انتخاب) کوہ سلیمان ڈویژن میں کمشنر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے باوجود تعمیراتی کام جاری رہنے کا انکشاف ہوا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹاؤن حدود میں تمام قسم کے تعمیراتی کاموں پر چھ ماہ کے لئے پابندی عائد کی گئی تھی، تاہم اس کے باوجود مختلف مقامات بقیہ نمبر 73 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 73 صفحہ 5 پر

پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر بااثر افراد کی جانب سے تعمیراتی سرگرمیاں جاری رکھی جا رہی ہیں، جس پر شہریوں نے سوال اٹھایا کہ کمشنر کے واضح احکامات کے باوجود یہ کام کس کی سرپرستی میں ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکام سے مطالبہ کیا کہ پابندی کے احکامات پر فوری عملدرآمد کرایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No 6 Dated: 25 JUN 2026 Page No. 19

# بلوچستان حکومت کا اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعداد میں بہتری کیلئے سرمایہ کاری، صوبے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی امید

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعداد کار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اور موثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز کو درپیش مسائل کے حل اور تدریسی معیار کی بہتری سے متعلق منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے فوری اور مستقل حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز میں فوری طور پر پی ایچ ڈی سطح کے چیئرمین اور دو متعلقہ لیکچررز کی تعیناتی کے لیے سمری بلا تاخیر ارسال کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ شعبے میں مستقل اور باقاعدہ تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کو بھی جلد از جلد یقینی بنایا جائے گا تاکہ تدریسی عمل کو موثر اور معیاری بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اور دیرپا اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ بہرحال بلوچستان حکومت نے تعلیمی اداروں کا معیار بہتر بنانے اور جامعات کی پیشہ ورانہ استعداد کار بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس اہم اقدام کے تحت صوبائی بجٹ 2026-27 میں ہائر ایجوکیشن کے لیے 31 ارب روپے جبکہ کالجز، اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 2.3 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تعلیمی معیار کو جدید تقاضوں کے مطابق بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات جلد مکمل کرنے کے ہدایات جاری کی ہیں۔ جامعات کو درپیش مالی بحران سے نکالنے کے لیے بجٹ میں خطیر رقم رکھی گئی ہے جس سے تدریسی و انتظامی امور چلانے میں آسانی ہوگی۔ جامعات میں طلباء کو دور حاضر کے جدید اور اہم تکنیکی شعبوں میں تعلیم فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے جامعات کو مالی بحران سے نکالنے اور ان کے استعداد کار کو بڑھانے طلباء کو اعلیٰ اور معیاری تعلیم دینے سے تعلیم کے شعبے میں انقلابی تبدیلی آئے گی۔ تعلیم ہی ترقی کا واحد ذریعہ ہے جس پر سرمایہ کاری سے نوجوانوں کو معیاری و تیکنکی تعلیم کے ساتھ بہترین روزگار کے مواقع میسر آئینگے۔

CS CamScanner

6

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE ... N

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

20

Daily: Balochistan News Quetta

25 JUN 2026

Page No.

# بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی ضرورت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعدادکار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لئے عملی اور موثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز کو درپیش مسائل کے حل اور تدریسی معیار کی بہتری سے متعلق منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے فوری اور مستقل حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات و دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لئے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے مستقل حل کے لئے عملی اور دیرپا اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ ہم وزیراعلیٰ صاحب کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس کی بھرپور تائید وحمایت کرتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کا یہ مؤقف کہ تعلیمی اداروں کی بہتری اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نہایت اہم اور وقت کی ضرورت کے عین مطابق ہے آج کا دور علم، تحقیق اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ جو قومیں تعلیم، خصوصاً اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے میدان میں آگے ہیں وہی عالمی سطح پر باوقار مقام حاصل کر رہی ہیں۔ بلوچستان جیسے خطے کے لئے یہ حقیقت مزید اہم ہو جاتی ہے، جہاں نوجوان آبادی ایک بڑی قوت ہے لیکن اسے صحیح سمت، جدید تعلیم اور سائنسی تربیت کی ضرورت ہے۔ ایسے میں یونیورسٹیوں کی مضبوطی اور تعلیمی معیار کی بہتری صرف ایک تعلیمی ضرورت نہیں بلکہ ایک سماجی اور معاشی ضرورت بھی ہے یونیورسٹی کوئی بھی ہو اس کا شعبہ کمپیوٹر سائنسز ایک ایسا شعبہ ہے جو مستقبل کی معیشت اور ٹیکنالوجی سے براہ راست جڑا ہوا ہے۔ آج دنیا مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ اور سائبر سیکیورٹی جیسے میدانوں میں تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ ایسے میں اگر ہمارے تعلیمی ادارے ان شعبوں میں مضبوط نہ ہوں تو ہم عالمی دوڑ میں پیچھے رہ سکتے ہیں۔ اس لئے حکومت بلوچستان کا یہ فیصلہ کہ اس شعبے کو فوری طور پر قابل اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ فراہم کیے جائیں، ایک دوراندیش اور مثبت قدم ہے۔ یہ امر بھی خوش آئند ہے کہ اجلاس میں محض اعلانات نہیں کیے گئے بلکہ عملی اقدامات کی سمت واضح پیش رفت کی گئی ہے۔ پی ایچ ڈی سطح کے چیئرمین کی تعیناتی اور لیکچررز کی فراہمی جیسے فیصلے اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت تعلیمی مسائل کے مستقل حل کی طرف بڑھ رہی ہے۔ یہی وہ طرزِ حکمرانی ہے جس کی آج بلوچستان کو شدید ضرورت ہے۔ اعلیٰ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے۔ اگر یونیورسٹیاں مضبوط ہوں گی تو تحقیق، جدت اور ہنرمند افرادی قوت پیدا ہوگی۔ یہی افرادی قوت معیشت کو سہارا دیتی ہے، صنعتوں کو فروغ دیتی ہے بلوچستان میں یہ عمل مزید اہم ہے کیونکہ یہاں نوجوان آبادی ایک بڑی قوت ہے جسے صرف تعلیم اور تربیت کے ذریعے ہی مؤثر بنایا جاسکتا ہے اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت بلوچستان اپنی تعلیمی پالیسیوں میں تسلسل برقرار رکھے، فنڈز کی بروقت فراہمی یقینی بنائے اور یونیورسٹیوں کو انتظامی و مالی خودمختاری دے تاکہ وہ بہتر انداز میں کام کر سکیں۔ ساتھ ہی ساتھ نجی شعبے اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون بڑھا کر تعلیمی معیار کو عالمی سطح کے مطابق بنایا جا سکتا ہے۔ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی بھی اسی عمل کا اہم حصہ ہے۔ جب نوجوانوں کو یہ احساس ہوگا کہ ان کی تعلیم اور مہارت کو ہر سطح پر اہمیت دی جا رہی ہے تو ان کا اعتماد بڑھے گا اور وہ زیادہ محنت اور لگن کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ یہی اعتماد کسی بھی معاشرے کی ترقی کا اصل محرک ہوتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ صرف ادارے بنانا کافی نہیں ہوتا بلکہ ان اداروں کو فعال، بااختیار اور مؤثر بنانا اصل چیلنج ہوتا ہے۔ اگر تعلیمی اداروں میں قابل اساتذہ، جدید نصاب اور تحقیقی ماحول موجود نہ ہو تو وہ محض عمارتیں رہ جاتی ہیں۔ اس لئے حکومت کا یہ فیصلہ کہ تدریسی معیار کو بہتر بنایا جائے اور مستقل اساتذہ کی تعیناتی کی جائے، ایک نہایت اہم قدم ہے۔ بلوچستان کے مستقبل کا دارومدار بڑی حد تک اس بات پر ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو کس حد تک تعلیم، ہنر اور مواقع فراہم کرتے ہیں۔ اگر آج ہم نے اس شعبے میں سرمایہ کاری کی تو کل یہی نوجوان ملک وصوبے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ہونے والا یہ اجلاس اور اس میں کیے گئے فیصلے صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کی سمت ایک مثبت پیش رفت ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان فیصلوں پر فوری، مؤثر اور مستقل عملدرآمد کیا جائے تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو وہ تعلیمی ماحول میسر آ سکے جس کے وہ حقدار ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کا فروغ دراصل روشن مستقبل کی ضمانت ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جو بلوچستان کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی طرف لے جاسکتا ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 JUN 2026 Page No. 21


## کالعدم بی وائی سی کی ہڑتال کی کال مسترد

### بلوچستان بھر میں زندگی معمول کے مطابق رواں دواں رہی

کالعدم بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ لانگو کو انسداد دہشت گردی کی عدالت کی جانب سے دی جانے والی عمر قید کی سزا کے خلاف تنظیم کی جانب سے صوبے میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کی کال کو عوام نے مکمل طور پر مسترد کر دیا جس کے

**تحریر: حورین نواز**

بعد پورے صوبے میں تجارتی و سفری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں صورتحال بالکل نارمل رہی اور کہیں بھی کسی قسم کا احتجاج یا دھرنا دیکھنے میں نہیں آیا اندرون بلوچستان آمدہ اطلاعات کے مطابق کوئٹہ کو دیگر اضلاع سے ملانے والے تمام داخلی اور خارجی راستے ٹریفک کے لیے مکمل کھلے رہے۔ قومی شاہراہ N-40 پر گاڑیوں کی آمدورفت بلاتعطل جاری رہی، جبکہ کراچی اور کوئٹہ کو ملانے والی اہم ترین شاہراہ N-25 پر واقع لکپاس ٹنل پر بھی ٹریفک مطابق چلتی رہی۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر کے اندر تمام شاہراہیں اور تجارتی مراکز کھلے رہے۔ شہر کے تمام بازاروں، مارکیٹوں اور شاپنگ پلازوں میں کاروباری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں۔ مستونگ، نوشکی اور ژوب سے موصول ہونے والی رپورٹس کے مطابق وہاں بھی کالعدم بلوچ یکجہتی کمیٹی کی ہڑتال کی کال کا کوئی اثر نہیں دیکھا گیا۔ مستونگ شہر کے تمام بازار اور سڑکیں کھلی رہیں اور پبلک ٹرانسپورٹ رواں دواں رہی۔ نوشکی میں قومی شاہراہ N-40 پر مال بردار گاڑیاں بھی چلتی رہیں جبکہ نوشکی شہر کے اندر تمام دکانیں اور پلازے حسب معمول کھلے رہے۔ اسی طرح ژوب شہر میں بھی تمام کاروباری مراکز، مارکیٹیں اور تعلیمی ادارے کھلے رہے، جبکہ قومی شاہراہ N-50 پر بھی ٹریفک کی روانی بالکل نارمل رہی۔ عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ صوبے کے غیور عوام نے بی وائی سی کے منفی ایجنڈے کو مسترد کرتے ہوئے امن اور ترقی کا ساتھ دیا ہے، جس کی وجہ سے صوبے بھر میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن کی کوششیں بری طرح ناکام ہوئی ہیں۔ دوسری جانب صوبائی انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے بھی کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے صوبے بھر کی تمام حساس شاہراہوں اور تجارتی مراکز پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، تاہم پرامن ماحول اور عوامی عدم دلچسپی کے باعث کہیں سے بھی کسی بدمزگی کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی اور دن بھر تمام نجی و سرکاری امور خوش اسلوبی سے انجام پاتے رہے۔

CamScanner